TC - 40

016/DD/18

Register Number									

DEPARTMENTAL EXAMINATIONS

TRANSLATION TEST – SECOND PAPER – TRANSLATION OF NEWS PAPER REPORT IN URDU TO ENGLISH

(Without Books)

Maximum Time : 2.30 hours　　　　Maximum Marks : 100

تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔ **(5 × 20 = 100)**

ذیل کی عبارتوں کا انگریزی میں ترجمہ کیجئے (Translate into English) :

1. نئی دہلی 5 مئی (روزنامہ انقلاب) : مرکزی وزیر برائے اقلیتی امور سید مختار عباس نقوی نے اپنی رہائش گاہ 7 صفدر جنگ مارگ سے سول سرویز میں مسلم طلبہ کی کامیابی پر اخباری نمائندوں سے کہا کہ گذشتہ سال کے مقابلے میں اس سال سول سروسز میں کامیاب مسلم بچوں کا فیصد بڑھا ہے جو خوش آئند بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ سال ملک بھر میں کل 1099 طالب علم سول سروسز میں کامیاب ہوئے تھے جن میں 52 مسلم بچے تھے۔ اس مرتبہ کل 990 بچے سول سروسز میں کامیاب ہوئے ہیں جن میں 51 مسلم بچے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ سال کی طرح ہم نے 126 بچوں کو مفت کوچنگ کا انتظام کیا تھا جن میں سے تقریباً 12 بچوں نے کامیابی حاصل کی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ مفت کوچنگ کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

[Turn over

2. نئی دہلی 22 فروری 2018 (یواین آئی) ایک اخباری اطلاع کے مطابق دُبئی میں رہنے والی ساتویں جماعت کی طالبہ سچیترا نے حال ہی میں گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے دو اعزازات اپنے نام درج کیے ہیں۔ ایک تو اس نے 102 زبانوں میں گانے سنائے اور دوم مسلسل 6 گھنٹے 15 منٹ تک اس نے کنسرٹ میں گانے پیش کیے جو اس کی ہمت اور یادداشت کو ظاہر کرتے ہیں۔ 25 جنوری 2018 کو سچیترا نے دُبئی میں بھارتی سفارت خانے کی ایک تقریب میں اپنے منفرد فن کا مظاہرہ کر کے دنیا بھر کو حیران کر دیا اور 102 زبانوں میں 6 گھنٹے 15 منٹ تک گانے گائے۔ اس لڑکی کا تعلق بھارت میں کرناٹک کے ایک موسیقار گھرانے سے ہے۔ سچیترا نے ایک سال قبل اس کی تیاریاں شروع کی تھیں۔

3. نئی دہلی 12 مارچ (یواین آئی) ممبئی میں انجمن اسلام کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر برائے اقلیتی امور نے کہا کہ مرکزی سرکار اقلیتوں کی تعلیمی ترقی میں کوئی امتیاز نہیں برتا جا رہا ہے اور وزیر اعظم نریندر مودی اس معاملے میں صاف اور کشادہ ذہن رکھتے ہیں۔ مختار عباس نقوی نے مزید کہا کہ مودی حکومت سب کا ساتھ سب کا وکاس کے تحت اقلیتی فرقہ کی بھی ترقی کو یقینی بنانا چاہتی ہے۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ اُن کی اقلیتی وزارت کی کوشش ہے کہ اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ پرائمری سطح کی تعلیمی بہتری کو ممکن بنایا جا سکے۔ انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی نے کہا حکومت نے حال ہی میں لا کالج کے قیام کی منظوری دی ہے جس کو سابق وزیر اعلیٰ عبدالرحمٰن انتولے کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔

4. نئی دہلی 9 ستمبر 2018 (پی ٹی آئی) مرکزی وزیر برائے صحت وسماجی بہبود شری جے۔ پی۔ نڈا نے کیرل کا دورہ کیا اور راحت و بچاؤ سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا۔ وزارت صحت کی سکریٹری پریتی سودن اور دیگر اعلیٰ افسران بھی مرکزی وزیر کے ہمراہ تھے۔ شری جے۔ پی۔ نڈا نے کیرل کی وزیر صحت شریمتی شلیجا اور ریاستی حکومت کے اہل کاروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران سیلاب کی صورت حال کا جائزہ لیا۔ اپنے دورے کے دوران وزیر موصوف نے سیلاب کے سبب ہونے والی اموات اور جان و مال کو ہوئے نقصان پر رنج وغم کا اظہار کیا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی جی کی قیادت ورہنمائی میں سیلاب سے متاثرہ ریاست کیرل کو راحت پہنچانے کے لئے سبھی ممکنہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔

5. نئی دہلی 7 ستمبر 2018 (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں نئی دہلی میں سنٹرل ہندی کمیٹی کی 31 ویں میٹنگ منعقد ہوئی۔ شری مودی جی نے اس بات پر زور دیا کہ ہندی زبان روزمرہ کی بات چیت کے ذریعہ پھیلنی چاہئے اور سرکاری مقاصد کے لئے اس زبان کے استعمال کو آسان بنانا چاہئے۔ سرکاری اور معاشرے میں ہندی کے استعمال کے درمیان فاصلے کو کم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ تعلیمی ادارے اس مہم میں سرکردہ رول ادا کرسکتے ہیں اور اس مہم کو آگے بڑھانے میں مدد کرسکتے ہیں۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے سبھی ممبروں کو یقین دلایا کہ ہم ہندی سمیت تمام ہندوستانی زبانوں کی مدد سے پوری دنیا سے جڑ سکتے ہیں۔

016/DD/18